یں نرمی برتوں تو آپ حضرات کیا کریں گے ؟ بشر بن سعدؓ بولے کہ ہم آپ کو تیر کی طرح سیدھا کر دیں گے۔ آپؓ نے یہ سُن کر فرمایا، آپ لوگ ایسے ہی ہیں! (مرقاۃ ج ۹ ص۲۳۲)
ان واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؓ آزادیٔ رائے کے کس حد تک قائل تھے اور لوگوں کی برملا تنقید کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے تھے۔ رضی اللہ عنہ! (جاری ہے)

شعروادب

جناب اسرار احمد سہاوری

اسلام کا بم

ہم پر ہے یہ الزام کہ مائل بہ ستم ہیں
کُفّار کا دعویٰ ہے کہ وہ اہلِ کرم ہیں

یہ خوف کا اظہار بھی ہے مکر سراسر
فی الاصل تو ہم ہر جگہ مظلومِ ستم ہیں

ملحد ہیں تباہی کی طرف خود ہی خراماں
ایمان کی تسلیم سے خود مائل رم ہیں

نادان کے نزدیک ہیں ہم خون کے پیاسے
ہم امن کے داعی بھی ہیں مائل بہ کرم ہیں

توحید کا جھنڈا لئے پھرتے ہیں جہاں میں
لرزاں اسی یلغار سے مغرب کے صنم ہیں

گُلزار ہیں سرگرم سفر ہوں تو صبا ہیں
گردشت نوردی کریں صَرصَر کا علم ہیں

ہر گام ہیں پٹا ہوا خوشبو کا سفر ہے
ہم قاسمِ انوار ہیں قتّالِ اَلَم ہیں

ہر نقشِ قدم راہنما تم کو ملے گا
منزل کی طرف راہ نُما بدرقہ ہم ہیں

اُلفت کی نگاہوں کے لیے خاک نشیں ہم
نفرت کی نظر کے لیے اسلام کا بم ہیں

اپنی مدد آپ کے تحت ہم نے قرآن و حدیث کی تعلیم اور مسلکِ حقہ اہلحدیث کی ترویج و اشاعت کے لیے اسلامی سال کے آغاز میں یکم محرم الحرام سے استاذ المکرم فضیلۃ الشیخ حضرت علامہ محمد مدنی صاحب رئیس جامعہ علومِ اثریہ جہلم و نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نام سے "مدنی لائبریری اہلحدیث" کے باقاعدہ اجراء کا اہتمام کیا ہے۔
جماعت کے مخلص لوگوں سے اپیل ہے کہ کتب تفسیر، حدیث اور مسلکی لٹریچر بھیج کر ثواب دارین حاصل کریں!
نور احمد ساجد کٹوی۔ سرپرست مدنی لائبریری اہلحدیث ـــــ چک ۲۴۳ ر ب نئی آبادی
جھوک کھر لاں ڈاکخانہ روشن والا سمندری روڈ فیصل آباد